سیور لائن کے اوپر میٹرو نے بنا دئے پلر، نالیاں بھی کر دیں بند

بارش کے موسم میں جل بھراؤ کا اندیشہ، لوگوں میں ناراضگی



کانپور: سیور کے چیمبر پر ہی بنا میٹرو کا پلر اور نالیوں تک کو کر دیا گیا بند۔.......... (تصویر : ایس این بی)

کانپور، (ایس این بی)

کانپور میٹرو کی وجہ سے جوہی ہمیر پور روڈ پر دشواریاں کم ہونے کا نام نہیں لے رہی ہیں۔ نیا معاملہ سامنے آیا کہ میٹرو نے گہری سیور لائن کے اوپر ہی میٹرو کے پلر بنا دئے ہیں۔ اس کے علاوہ سیور چیمبر کو بھی بند کر دیا ہے۔

مقامی کارپوریٹر شالو کنوجیا نے بتایا کہ میٹرو نے نالے کو بند کر دیا ہے جبکہ نگر نگم نے بارش سے پہلے صفائی کے لئے ٹنڈر نکالے ہیں۔ میٹرو کے کام کے سبب بارش میں جل بھراؤ کی وجہ سے بڑی پریشانی کا سامنا لوگوں کو کرنا پڑ سکتا ہے۔

کارپوریٹر نے بتایا کہ میٹرو کا کام کرنے والی فرم جے ایم سی نے جوہی ہمیر پور روڈ پر ہی نگر نگم کو بغیر بتائے نالہ ہی ختم کر دیا ہے۔ نگر نگم زون 3 کے ایگزیکٹو انجینئر نانک چند کو تحریری طور پر واقف کرایا گیا تھا لیکن جلد ہی بارش کے موسم کو دیکھتے ہوئے نگر نگم کے نالے کو جے ایم سی کمپنی نے ختم کر دیا ہے۔ اس سے بارش میں بڑی پریشانی کھڑی ہونے والی ہے۔ جن نالوں کو میٹرو نے بند کر دیا ہے۔ اس میں بارش کے ساتھ ہی گھروں کا پانی بھی جاتا تھا۔ پہلے بھی جے ایم سی کمپنی نے گہری سیور لائن کے اوپر میٹرو کے پلر کھڑے کر دئے اور کہیں کہیں سیور چیمبر کی دیوار اور میٹرو کے پلر برابر سے چل رہے ہیں۔ اس کی تصدیق پہلے مشترکہ معائنے کے دوران ہو چکی ہے۔ کارپوریٹر کے مطابق جے ایم سی کمپنی نے گہری سیور لائن دوسری جگہ شفٹ کر کے پرانی سیور لائن کو بند کرنے کیلئے بھی کہا تھا لیکن ابھی تک اس سیور لائن کو بھی جے ایم سی کمپنی نے شفٹ نہیں کیا ہے جس سے کہ آنے والے وقت میں سیور نکاسی کی پریشانی بھی ہو جائے گی۔

کارپوریٹر شالو کنوجیا نے بتایا کہ 20 مئی کو میٹرو کارپوریشن کے پروجیکٹ ڈائرکٹر رشی گنگوار کو تحریری طور پر واقف کراتے ہوئے ایک خط میٹرو کارپوریشن کے ایم ڈی کو لکھنؤ بھی بھیجا ہے۔ نگر نگم اور واٹر ورکس پورے معاملے کو سنجیدگی سے نہیں لے رہا ہے۔

کلکٹر گنج بازار میں سروے کرنے پہنچی نگر نگم کی ٹیم کو تاجروں نے یرغمال بنایا

نگر نگم مردہ باد کے نعرہ لگا کر کیا مظاہرہ، واپس لوٹی ٹیم

کانپور، (ایس این بی)

کلکٹر گنج میں پرانے تاجروں کو ہٹا کر نگر نگم کامرشیل کامپلیکس بنانا چاہتا ہے۔ اس کو لے کر بدھ کو نگر نگم کی ٹیم سروے کرنے پہنچی۔ ایک ایک دکاندار سے نام اور پتہ پوچھا۔ نگر نگم کے سروے کی اطلاع ملتے ہی بڑی تعداد میں تاجر جمع ہو گئے اور مظاہرہ شروع کر دیا۔ تاجروں نے نگر نگم مردہ باد کے نعرے لگائے۔ سروے کرنے والی ٹیم کو تاجروں نے یرغمال بنا لیا۔ مطالبہ تھا کہ جب تک انہیں یقین دہانی نہیں کرائی جائے گی کہ سروے اب دوبارہ نہیں ہوگا۔ تب تک ٹیم کو جانے نہیں دیا جائے گا لیکن تقریباً نصف گھنٹے بعد تاجروں نے نگر نگم کی ٹیم کو جانے دیا۔

وہیں تاجروں نے کلکٹر گنج بازار میں جلوس نکال کر اور نعرے بازی کر کے مظاہرہ کرتے ہوئے دھن کٹی نگ رنگم دفتر کتھا دھرم شالہ میں نگر نگم کے افسران کے سامنے مظاہرہ کیا۔

تقریباً 2 ماہ پہلے نگر نگم ایوان میں میئر نے کلکٹر گنج میں کمرشیل کامپلیکس بنانے کی تجویز پاس ہوئی تھی۔ تبھی سے وہاں کے تاجر اس کی مخالفت کر رہے ہیں۔ واضح ہو کہ نگر نگم نے 2900 مربع میٹر زمین پر کمرشیل کامپلیکس بنانے پر مہر لگائی تھی۔ میونسپل بانڈ کے ذریعہ 100 کروڑ روپے سے کمرشیل کامپلیکس بنانے میں نگر نگم خرچ کرے گا۔

مظاہرے کے دوران موجود رہے تاجر لیڈر گیانیش مشرا نے بتایا کہ اس کو لے کر اسمبلی اسپیکر ستیش مہانا نے میئر اور میونسپل کمشنر کے ساتھ میٹنگ میں کہا تھا کہ تاجروں کے مفاد کے لئے اس پروجیکٹ کو روک دیا جائے لیکن نگر نگم میں کچھ افسر شاید بی جے پی مخالف ہیں۔

کلکٹر گنج غلہ منڈی وجلوس میں حاص طور پر کلکٹر گنج ادیوگ بیوپار منڈل کے جنرل سکریٹری پون گپتی وکنوینز انوراس جائسوال اور بھارتیہ ادیوگ بیوپار منڈل کے شہری صدر گرجندر سنگھ، شہری سینئر جنرل سکریٹری منیش گپتا سلونے، ہرش چندر جائسوال، سچن ترویدی، منوج وشوکرما، راجہ گپتا، ونود پانڈے، رمیش اگرہری، سدھو جائسوال وغیرہ موجود رہے۔

برانڈیڈ کمپنیوں کا نقلی مال بناتے ہوئے فرم مالک گرفتار

کانپور، (ایس این بی)

انور گنج میں دو نامی کمپنیوں کے نقلی لیدر پروڈکٹس بنا کر فروخت کرنے کے معاملے میں کمپنی کے افسران نے پولیس کے ساتھ مل کر فیکٹری میں چھاپہ ماری کی۔ اس دوران بڑی مقدار میں کمپنیوں کا مال برآمد ہوا ہے۔ پولیس نے ملزم مالک کے خلاف رپورٹ درج کر کے اسے گرفتار کر لیا ہے۔

ہریانہ پنچکولا ساکن سنجیو ہانڈا و گونڈہ کے فیروز پور ترہر ساکن شجو ہن پرساد اپنی اپنی کمپنیوں کے افسر ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کئی دنوں سے انہیں شہر میں ان کی کمپنیوں کے نقلی لیدر پروڈکٹس بنا کر فروخت کرنے کی شکایت مل رہی تھی۔ جس پر انہوں نے بدھ کو انور گنج پولیس کی مدد سے سپر لیدر ورکس بیویز کمپاؤنڈ فیکٹری پر شام کو چھاپہ ماری کی۔ اس دوران وہاں پر ان کی کمپنیوں کے بنے لیدر کے نقلی پروڈکٹس ملے۔ ایک نامی کمپنی کے 316 پیس بیلٹ، 27 پرس، 5 بورا بیٹ کے سیٹ، 278 کمپنی کے خالی ڈبے، 3 ہزار لیبل ٹیگ سمیت دیگر سامان ملا۔ وہیں دوسری نامی کمپنی کے 267 پیس بیلٹ، 510 پیس بکل و 3 ہزار کے آس پاس لیبل ملے ہیں۔ ساتھ ہی افسران کو وہاں سے مشین برآمد ہوئی ہے۔ اس دوران فیکٹری کا مالک انور گنج کے پھول والی گلی ساکن ریحان علی کو پولیس پکڑ کر تھانے لے آئی۔ تھانہ انچارج انور گنج نے بتایا کہ افسران کی تحریر پر ملزم فیکٹری مالک کے خلاف کاپی رائٹ ایکٹ کی دفعات میں مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا گیا ہے۔ وہیں برآمد نقلی مال کو سیل کر دیا گیا ہے۔

بھائی سے جھگڑ کر نوجوان نے پھانسی لگائی، بھرتی

کانپور، (ایس این بی)

بابو پوروہ تھانہ حلقے میں بھائی سے جھگڑ کر ایک نوجوان نے کمرے میں لگے پنکھے سے پھانسی لگالی لیکن وقت رہتے اہل خانہ نے اسے دیکھ لیا اور آناً فاناً اسے پھندے سے اتارا۔ اہل خانہ نے اسے علاج کے لئے پاس ہی واقع نرسنگ ہوم میں داخل کرایا جہاں اس کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ ٹرانسپورٹ نگر ساکن جگن ناتھ کا 25 سالہ بیٹا سندیپ آٹو ڈرائیور ہے۔ کنبے میں ماں شانتی دو بڑے بھائی انل و رنجیت ہیں۔ بڑے بھائی رنجیت نے بتایا کہ سندیپ نشہ کا عادی ہے۔ آئے دن وہ شراب پی کر گھر میں لڑائی جھگڑے کرتا ہے۔ جس کو لے کر اہل خانہ اس سے پریشان تھے۔ منگل کی شب بھی وہ شراب کے نشہ میں گھر آیا اور ماں شانتی سے جھگڑنے لگا۔ بڑے بھائیوں نے جب اسے سمجھانے کی کوشش کی تو اس نے مار پیٹ شروع کر دی۔ اس پر دونوں بھائیوں نے اسے جم کر پیٹا اور گھر سے نکال دیا۔ دیر شب وہ گھر آیا اور کمرے میں لگے پنکھے سے ساڑی کے سہارے پھانسی لگالی لیکن اسی وقت اہل خانہ نے دیکھ لیا اور آناً فاناً اسے پھانسی کے پھندے سے اتارا۔ اہل خانہ نے علاج کیلئے پاس ہی واقع نرسنگ ہوم میں داخل کرایا۔ جہاں ڈاکٹروں نے اس کی حالت تشویشناک بتائی ہے۔

میونسپل کمشنر پر مقدمے کو سی ایم ایم کورٹ میں دی عرضی

سانڈ کے حملے میں ضلع جج کے ڈپٹی ناظر کی موت کا معاملہ

کانپور، (ایس این بی)

ضلع جج کے ڈپٹی ناظر کو سانڈ کے ذریعہ پٹخ کر مار ڈالنے کے معاملے میں ایڈوکیٹ سوم ناتھ باجپئی کے ذریعہ چیف سٹی مجسٹریٹ عدالت میں میونسپل کمشنر سمیت ضلع مویشی میڈیکل افسر، انچارج کیٹل کیچنگ سیل و کیٹل کیچنگ سیل کے ملازمین کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی عرضی دی گئی ہے۔ عدالت نے معاملے میں 28 مئی کو میونسپل کمشنر دفتر سے رپورٹ طلب کی ہے۔

ایڈوکیٹ کے ذریعہ سی ایم ایم کورٹ میں دی گئی عرضی کے مطابق گزشتہ 19 مئی کو ضلع جج کے شعبہ نظارت میں اسسٹنٹ ناظر دیویندر کمار یادو گھر سے ٹہلنے نکلے تھے۔ تبھی ایک سانڈ نے انہیں پٹخ پٹخ کر مار ڈالا۔ عرضی میں بتایا کہ نگر نگم انتظامیہ وان کے ملازمین کی لاپروائی کے سبب حادثہ ہوا ہے۔ بتایا کہ گزشتہ ایک ماہ میں ایسے کئی واقعات ہو چکے ہیں۔ کیٹل کیچنگ ٹیم صرف کاغذوں پر ہی کام کر رہی ہے۔ سبھی افسر و ملازمین حکومت کے ذریعہ الاٹ رقم کا غلط استعمال کر رہے ہیں۔ اس واقعے کے لئے میونسپل کمشنر کے ساتھ ان کے ملازمین بھی ذمہ دار ہیں۔ درخواست میں مطالبہ کیا گیا کہ میونسپل کمشنر سمیت ضلع مویشی میڈیکل افسر، انچارج کیٹل کیچنگ سیل و کیٹل کیچنگ سیل کے ملازمین کے خلاف مقدمہ درج کئے جانے کا حکم دیا جائے۔ عدالت نے معاملے میں 28 مئی کو میونسپل کمشنر دفتر سے رپورٹ طلب کی ہے۔

ریلوے ٹریک کے کنارے ملی نوجوان کی لاش، قتل کا اندیشہ

کانپور، (ایس این بی) کلیان پور تھانہ حلقے میں مشتبہ حالات میں ریلوے ٹریک کے کنارے ایک اسپتال میں میڈیکل پریکٹس کرنے والے نوجوان کی لاش ملنے سے افراتفری مچ گئی۔ نوجوان کے سر پر چوٹ کے نشان دیکھ کر اہل خانہ نے قتل کا اندیشہ ظاہر کیا۔ اطلاع پر پہنچی پولیس نے فارینسک ٹیم نے جائے وقوع کا معائنہ کر کے ثبوت جمع کرنے کے ساتھ ہی لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا۔ بلہور کے ماسٹر محال کا رہنے والا جہار سنگھ کا بیٹا دیویندر پرتاپ سنگھ (27) کلیان پور کے ونائک پور میں کرایہ پر رہ کر ایک پرائیویٹ اسپتال میں میڈیکل کی پریکٹس کر رہا تھا۔ اہل خانہ نے بتایا کہ روز کی طرح منگل کی صبح ماں ارچنا سے بات ہوئی تھی۔ اس کے بعد بدھ کی صبح کلیان پور پولیس نے فون کر کے اطلاع دی کہ بیٹے کی لاش یونیورسٹی کے پاس ریلوے لائن کنارے پڑی ہے۔ اطلاع پر پہنچے اہل خانہ کے سر پر چوٹ نے نشان ملے۔

دینی شرعی اور عصری تعلیم بچوں کے لئے وقت کی اہم ضرورت: حافظ عبدالقدوس ہادی

مستورات کو ازدواجی، امور خانہ داری معاشرتی و اخلاقی معلومات حاصل کرنا انتہائی اہم اور ضروری

کانپور، (پریس ریلیز)

حافظ و قاری عبدالقدوس ہادی قاضی شہر نے آج اپنے ایک بیان میں کہا کہ بحیثیت قاضی شہر روزانہ ازدواجی تنازعات کے معاملات ہمارے سامنے آتے ہیں۔ لوگ چھوٹی چھوٹی باتوں پر جھگڑے کر بیٹھتے ہیں اور ذرا ذرا سی بات پر ہی لڑکی والے تھانے پہنچ جاتے ہیں اور تھانے میں جانے والی درخواست میں جھوٹی جھوٹی باتیں لکھوا دیتے ہیں۔ جب مقدمہ شروع ہوتا ہے تو وہ جھوٹی باتیں سامنے آتی ہیں۔ ایسے حالات میں رشتے بننے کے بجائے بگڑ جاتے ہیں، مستورات کو ازدواجی، امور خانہ داری معاشرتی و اخلاقی معلومات حاصل کرنا انتہائی اہم اور ضروری ہے اور دینی شرعی اور عصری تعلیم بچوں کے لئے وقت کی اہم ضرورت ہے۔

قاضی شہر نے کہا کہ ازدواجی معاملات میں اضافہ ہونے کی ایک وجہ موبائل بھی ہے پہلے شوہر بیوی میں کوئی بات ہوتی تھی تو وہیں پر ختم ہو جاتی تھی لیکن اب گھر میں کوئی بات ہوتی ہے تو فوراً لڑکی اس کی شکایت اپنے گھر والوں سے کرتی ہے۔ اس سے معاملے مزید بڑھ جاتے ہیں اور بگڑ بھی جاتے ہیں۔ قاضی شہر نے کہا کہ لڑکیاں اپنی سسرال کی باتیں اپنے گھر والوں کو نہ بتائیں، کوئی معاملہ ہو تو خود پیار و محبت کے ساتھ حل کر لیں۔ اپنے ازدواجی زندگی کو بگڑنے نہیں دیں۔ انہوں نے والدین سے کہا کہ صرف اپنے بیٹے یا بیٹی کی شکایت پر ایک طرفہ ردعمل ظاہر نہ کریں بلکہ دونوں کی بات سن کر انصاف کا فیصلہ کریں۔ اپنے معاملات تھانہ کچہری نہ لے جا کر علاقہ کے معزز حضرات سے حل کروائیں یا شہر کے دارالقضاء میں لے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچیوں کو صحیح تربیت دیں اور اپنے بیٹوں کو جہیز کی لالچ سے دور رہنے کی ترغیب دیں۔ نیت کا دارومدار عمل پر ہے انہوں کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹیؓ سے کہا کہ اے فاطمہؓ یہ نہ سمجھنا کہ تم میری بیٹی ہو، حشر میں معاملہ عمل پر ہوگا، یاد رکھو ہمارے اعمال اللہ تعالی دیکھ رہا ہے۔ قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو جہنم کی آگ سے بچاؤ اگر ہم نے اپنے اولاد کو صحیح تعلیم نہیں دی تو دنیا و آخرت دونوں برباد ہو جائیں گی۔ مرد تو کسی نہ کسی طرح علماء کی قربت سے دین کی معلومات حاصل کر لیتے ہیں لیکن خواتین تک دین کی معلومات نہیں پہنچ پاتی ہیں۔ اس لئے ہماری کی کوشش یہ ہے کہ خواتین تک دین کی معلومات پہنچے کیونکہ بچے کی پہلی درسگاہ ماں کی گود ہوتی ہے اس لئے وقتاً فوقتاً خواتین کو بھی دین کی معلومات پہنچانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں تاکہ بچپن سے ہی بچوں کی تربیت ہو اور ہماری نئی نسل صالح، دین سے روشناس اور وابستہ ہو۔

ہیلٹ کے جونیئر ڈاکٹروں نے تیماردار کو پیٹا

کانپور، (ایس این بی)

میڈیکل کالج کے ہیلٹ اسپتال میں بدھ کو جونیئر ڈاکٹروں نے تیماردار کو جم کر پیٹا۔ اس کے بعد ان کا موبائل بھی چھین لیا۔ کسی طرح تیماردار موقع پا کر ایمرجنسی سے باہر بھاگے اور واقعے کی اطلاع احاطے میں بنی پولیس چوکی میں جا کر دی۔ اس کے بعد پولیس موقع پر پہنچی اور جونیئر ڈاکٹروں سے پوچھ گچھ کی۔

اناؤ ضلع کے پوروہ ساکن کرونا شنکر تیواری (67) پنڈت گیری کرتے تھے۔ بدھ کی صبح ایک گھر میں پوجا کرانے کے بعد واپس اپنے گھر کی طرف جا رہے تھے تبھی ہائی وے پر پک اپ نے ان کی موٹر سائیکل میں ٹکر ماردی۔ حادثے میں کرونا شنکر شدید طور پر زخمی ہو گئے۔ زخمی کو پولیس کو نے اناؤ کے ہی ایک اسپتال میں داخل کرایا۔ جہاں سے انہیں ہیلٹ کے لئے ریفر کر دیا گیا۔

یہاں پر کرونا شنکر کو لے کر ان کے بیٹے برجیش اور سرویش پہنچے۔ ہیلٹ کی ایمرجنسی میں برجیش نے ڈاکٹروں سے علاج کرنے کے لئے کہا لیکن کسی ڈاکٹر نہیں سنی۔ اس پر برجیش نے ڈاکٹروں کا ویڈیو بنا لیا۔ اس سے ناراض ڈاکٹروں نے پہلے برجیش کا موبائل چھین لیا۔ اہل خانہ کا الزام ہے کہ موبائل چھیننے کے بعد ڈاکٹر گھسیٹ کر اندر کمرے کی طرف لے گئے اور وہاں پر جم کر مارا پیٹا۔ بیچ بچاؤ کرنے پہنچے چھوٹے بھائی سرویش کو بھی ڈاکٹروں نے پیٹ دیا۔ کسی طرح دونوں بیٹے ڈاکٹروں کے چنگل سے چھوٹ کر پاس میں واقع چوکی پہنچے۔ جہاں انہوں نے ڈاکٹروں کی شکایت کی۔ پولیس نے فریقین کو سننے کے بعد برجیش کا فون واپس کرایا۔

میڈیکل کالج کے پرنسپل ڈاکٹر سنجے کالا نے بتایا کہ تیماردار موبائل سے ڈاکٹروں کا ویڈیو بنا رہے تھے اس لئے ان کا موبائل چھینا گیا تھا۔ اس پر تیمارداروں نے ہی ڈاکٹروں کے ساتھ مار پیٹ کی ہے۔ وہیں اہل خانہ کا کہنا ہے کہ ایمرجنسی میں لگے کیمرے دیکھے جائیں تو ساری سچائی سامنے آ جائے گی۔ حالانکہ تادم تحریر فریقین نے پولیس کو کوئی تحریر نہیں دی ہے۔

حلیم مسلم پی جی کالج میں روزگار میلہ 25 کو

کانپور، (پریس ریلیز)

ایسوسی ایشن آف مسلم پروفیشنلس (اے ایم پی) اور آئیفا پلیسمنٹ کی جانب سے حلیم مسلم پوسٹ گریجویٹ کالج میں 25 مئی کو مفت روزگار میلے کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ جس میں کئی نامی کمپنیاں شرکت کر رہی ہیں۔ جس میں مارکیٹنگ، ٹیچر، بیک آفس، اکاؤنٹینٹ، ٹیلی کالر، بینکنگ فائنینس، آئی ٹی آئی، ریٹیل، اسپتال وغیرہ کی جانب کیلئے انٹرویو لیا جائے گا۔ اے ایم پی کانپور یونٹ کے ہیڈ سید ابرار علی نے بتایا کہ بے روزگار نوجوان آئندہ 25 مئی کو روزگار میلے میں شرکت کر کے اس کا فائدہ اٹھائیں۔

الیکٹرانک شاپ میں موبائل چوری، چور سی سی ٹی وی میں قید

کانپور، (ایس این بی)

نوبستہ تھانہ حلقے میں منگل کی دیر شب شاطر نے ایک الیکٹرانک شاپ سے تاجر کا موبائل پار کر دیا۔ موبائل غائب دیکھ کر تاجر نے دکان میں جم کر ہنگامہ کیا۔ اطلاع پر پہنچی پولیس نے دکان میں لگے سی سی ٹی وی کیمروں کے فوٹیج چیک کئے تو اس میں چور موبائل چوری کرتا ہوا قید ہو چکا تھا۔ پولیس نے فوٹیج کی بنیاد پر چور کی تلاش شروع کر دی ہے۔

نوبستہ ساکن دنیش سنگھ چوہان کی گھر کے پاس ہی الیکٹرانک شاپ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ منگل کی دیر شام وہ دکان پر بیٹھے تھے تبھی ایک نوجوان کولر خریدنے کیلئے آیا۔ کولر دیکھنے کے دوران موقع پاتے ہی اس نے کاؤنٹر پر رکھا ان کا موبائل پار دیا اور فرار ہو گیا۔ موبائل غائب دیکھ کر انہوں نے دکان میں کام کرنے والے ملازمین کو بلایا اور پھٹکار لگاتے ہوئے جم کر ہنگامہ کیا۔ انہوں نے پولیس کو اطلاع دی۔ موقع پر پہنچی پولیس نے دکان میں لگے سی سی ٹی وی فوٹیج چیک کئے تو چور کاؤنٹر سے موبائل اٹھاتے ہوئے قید ہو چکا تھا۔ پولیس نے دنیش سنگھ کی تحریر پر نامعلوم کے خلاف مقدمہ درج کر کے فوٹیج کی بنیاد پر چور کی تلاش شروع کر دی ہے۔

غیر ارادتاً قتل میں 2 بھائیوں کو 7-7 سال کی سزا

کانپور، (ایس این بی)

ایڈیشنل سیشن مجسٹریٹ 14 کی عدالت نے غیر ارادتاً قتل میں 2 ملزمان کو 7-7 سال کی سزا سنائی ہے۔ ساتھ ہی دونوں پر 16-16 ہزار روپے جرمانہ بھی لگایا ہے۔

اے ڈی جی سی شیو بھگوان گوسوامی نے بتایا کہ مدعی مقدمہ رام جانکی نے 31 اگست 2020 کو گوال ٹولی تھانے میں تحریر دی۔ اس میں بتایا کہ اس کا 17 سالہ بیٹا روہت کا 4 ماہ سے ہیلٹ میں علاج چل رہا ہے۔ کل ہی آنت کا پانی نکلوا کر آئی ہوں۔ 4 ماہ پہلے یونس وغیرہ 4-3 لوگوں نے پیٹا تھا۔ روہت کی آنت میں خرابی تھی جس کی آج صبح 5 بجے موت ہو گئی۔ مدعیہ بیٹے کی لاش کا پوسٹ مارٹم کرانا چاہتی ہے۔ پولیس نے تحریر کی بنیاد پر مقدمہ دفعہ 304 میں ترمیم کر دیا۔ پوسٹ مارٹم کے بعد تفتیش کار نے معقول ثبوت کی بنیاد پر ملزمان ہنو عرف یوسف ولد یونس اور محمد فیصل ولد محمد یونس کے خلاف چارج شیٹ عدالت میں داخل کی۔ استغاثہ کی طرف سے 8 گواہوں کو پیش کیا گیا۔

عدالت نے ثبوتوں و گواہوں کی بنیاد پر ملزمان ہنو عرف محمد یوسف اور محمد فیصل کو غیر ارادتاً قتل کا قصوروار مانتے ہوئے 7-7 سال کی سزا سنائی ہے۔ ساتھ ہی دونوں پر 16-16 ہزار روپے جرمانہ بھی لگایا ہے۔

ضروری اطلاع

قارئین کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اس اخبار میں شائع ہونے والے سبھی اشتہارات پر کارروائی کرنے سے پہلے پوری تحقیق کر لیں اور مناسب صلاح لے لیں۔ کوئی بھی سبسکرائبر جو اس اخبار میں شائع کسی اشتہار جیسے ٹاور، نوکری، قرض سے متعلق یا دیگر کسی بھی طرح کے سلسلہ میں کوئی رقم بھیجتا ہے یا کسی طبی صلاح پر کوئی کارروائی یا خرچ کرتا ہے یا کوئی وعدہ کرتا ہے تو ایسا وہ اپنے خود کے ضمیر، عقل اور جوکھم پر کریں گے۔ کمپنی، ناشر یا اس کا کوئی ملازم اشتہار دہندہ کے ذریعہ ان کے کسی پروڈکٹ یا سروس کے لیے کیے گئے کسی دعوے کی سچائی کی یقین دہانی نہیں کراتے اور ایسے اشتہارات پر یقین کر کے کسی شخص کو ہوئے کسی خسارے، نقصان اور نتائج کے لیے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔

سائبر ٹھگ نے لنک بھیج کر کھاتے سے ایک لاکھ روپے اڑائے

کانپور، (ایس این بی)

چکیری میں سائبر ٹھگ نے نوجوان کے واٹس ایپ پر لنک بھیج کر کھاتے سے ایک لاکھ روپے پار کر دئے۔ اطلاع ملنے پر متاثرہ نے معاملے کی شکایت پولیس سے کی۔ اہرواں کے سینک نگر ساکن ہری اوم پرجاپتی کے مطابق گزشتہ 28 مارچ کو ان کے واٹس ایپ پر ایک انجان نمبر سے لنک بھیجا گیا۔ لنک کو کھولتے ہی ان کے کھاتے سے تقریباً 25 ہزار روپے نکل گئے۔ اس کے بعد اسی دن ان کے کریڈٹ کارڈ سے تقریباً 75 ہزار روپے نکل گئے۔ کارڈ سے روپے نکل جانے کی معلومات انہیں تب ہوئی جب 13 اپریل کو ان کے پاس بینک سے میسج آیا۔ جس کے بعد انہوں نے معاملے کی شکایت سائبر سیل میں کی۔ تفتیش کے بعد سائبر سیل سے چکیری تھانے بھیجا گیا۔ تھانہ انچارج اشوک دوبے نے بتایا کہ معاملہ درج کر کے کارروائی کی جا رہی ہے۔

سرکاری اسپتالوں میں پرچہ بنوانے میں چھوٹ رہے ہیں پسینے، آن لائن سسٹم فیل

کانپور، (ایس این بی)

زبردست گرمی کے موسم میں سرکاری اسپتال میں رجسٹریشن کا پرچہ بنوانا مشکل ہو گیا ہے۔ آئے دن سرور ڈاؤن رہنے سے آن لائن سسٹم فیل ہو گیا ہے۔ ایسے میں رجسٹریشن کاؤنٹروں کے باہر مریض و تیمارداروں کو لمبی لائنوں سے دوچار ہونا پڑ رہا ہے۔ شہر کے ہیلٹ، مراری لال چیسٹ اسپتال، کارڈیالوجی، ارسلا و کانشی رام اسپتال میں ان دنوں رجسٹریشن پرچہ بنوانے میں مریضوں کے پسینے چھوٹ رہے ہیں۔ وہ پہلے آن لائن پرچہ بنوانے کیلئے لائن میں لگتے ہیں جب سرور چلا جاتا ہے تو مینوئل پرچہ بنانے کے لئے دوسری لائن میں لگنا پڑتا ہے۔ بدھ کو ہیلٹ او پی ڈی کے رجسٹریشن کاؤنٹروں میں مرضوں کی لمبی لائنیں لگی تھیں۔ ایک مریض کا کہنا تھا کہ پہلے آن لائن رجسٹریشن ونڈو میں لائن لگاؤ پھر پرچہ بنوانے کے لئے الگ لائن میں لگنا پڑ رہا ہے۔

ارسلا اسپتال کی او پی ڈی کا بھی یہی حال ہے۔ مریضوں کی شکایت تھی کہ یہاں آئے دن سرور کی پریشانی رہتی ہے۔ رجسٹریشن کرانے میں ہی ڈیڑھ سے دو گھنٹے لگ جاتے ہیں۔ جب مینوئل پرچے ہی بنتے تھے تب زیادہ راحت تھی۔ ڈاکٹر مراری لال چیسٹ اسپتال راوت پور کی او پی ڈی میں مریض رجسٹریشن کیلئے لائن میں لگے تھے۔ مریضوں نے بتایا کہ وہ لوگ ایک گھنٹے سے کھڑے ہیں پر سرور نہ ہونے سے پرچہ نہیں بن پا رہا ہے۔ کارڈیالوجی کی او پی ڈی کے رجسٹریشن کاؤنٹر میں صبح سے ہی سرور ڈاؤن کی پریشانی چل رہی تھی۔ یہاں مریض موبائل ایپ کے ذریعہ ٹوکن نمبر لے رہے تھے۔ اس کے بعد آن لائن پرچہ بنوانے کے لئے لائن میں لگے تھے۔ اسٹاف نے جب مینوئل پرچے بنانا شروع کئے تو راحت مل پائی۔

بند مکان سے لاکھوں کی چوری

کانپور، (ایس این بی) ریل بازار کے شانتی نگر ساکن کوشل کشور دکشت کے مطابق وہ کنبے کے ساتھ باہر گئے ہوئے تھے۔ پیر کو چوروں نے گھر پر لگے تالے کو توڑ کر اندر داخل ہوئے اور نیچے رکھی الماری کا تالہ توڑ کر 50 ہزار روپے نقد و 3 لاکھ روپے قیمت کے زیورات چوری کر لے گئے۔ متاثرہ نے معاملے کی شکایت ریل بازار تھانے میں کی۔ تھانہ انچارج وجے درشن شرما نے بتایا کہ معاملہ درج کر کے ملزم چوروں کی تلاش کی جا رہی ہے۔

ٹلو پمپ میں اترے کرنٹ سے خاتون کی موت

کانپور، (ایس این بی)

بیکن گنج میں پریڈ بازار کے پاس رہنے والے صابر کی اہلیہ عائشہ خاتون (48) منگل کی شام پانی بھرنے کے دوران ٹلو پمپ میں اترے کرنٹ کی زد میں آ گئیں۔ اہل خانہ جب تک چور مچا کر انہیں بچاتے تب تک وہ بے ہوش ہو گئیں۔ اہل خانہ انہیں اسپتال لے گئے۔ جہاں پر ڈاکٹروں نے انہیں مردہ قرار دیا۔ اطلاع پر پہنچی پولیس نے لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا۔ حادثے کے بعد اہل خانہ کا رو رو کر برا حال ہے۔

گرین پارک کے پاس کار سے نوجوان کی لاش برآمد

کانپور، (ایس این بی)

کوتوالی تھانہ حلقے کے گرین پارک گیٹ نمبر ایک کے پاس سڑک کے کنارے کئی دنوں سے کھڑی ایک کار میں نوجوان کی لاش ملنے سے افراتفری مچ گئی۔ واقعے کے بعد پہنچی پولیس و فارینسک ٹیم نے جائے وقوع کا معائنہ کر کے لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے بھیجا۔ لاش کے پاس سے ملے کاغذات کی بنیاد پر اس کی شناخت کر کے اہل خانہ کو اطلاع دینے کے ساتھ معاملے کی جانچ میں لگ گئی ہے۔ پرمٹ ساکن لیش سونوانی کی کار گھر کے پاس ہی گرین پارک گیٹ نمبر ایک کے پاس سڑک کے کنارے لاک خراب ہونے کے سبب کئی دنوں سے کھڑی ہے۔ کار ان کی ماں اوشا دیوی کے نام سے ہے۔ بدھ کی شام کو گاڑی کے پاس سے بدبد آنے پر لوگوں نے دیکھا تو ایک نوجوان کی لاش کار میں پڑی ہوئی تھی۔ کار میں لاش ملنے کی اطلاع پر علاقے میں افراتفری مچ گئی۔ وہیں اطلاع پر کوتوالی و گوال ٹولی تھانے کی پولیس جائے وقوع پر پہنچی اور معلومات کرنے کے ساتھ ہی فارینسک ٹیم کو بلایا۔ فارینسک ٹیم نے جائے وقوع کا معائنہ کرنے کے ساتھ ہی ثبوت جمع کئے۔ پولیس کے مطابق لاش 3 سے 4 دن پرانی ہے۔ لاش کے پاس سے ملے کاغذات کے ذریعہ اس کے متعلق معلومات کی گئی تو اس کا نام اناؤ کے بہٹا مجاور ساکن آٹو ڈرائیور اتل کمار (30) سال کے طور پر ہوئی۔ تھانہ انچارج کوتوالی نے بتایا کہ نوجوان کی شناخت ہو گئی ہے۔ اہل خانہ کو اطلاع دی گئی ہے۔ اہل خانہ اب اناؤ میں ہی رہتے ہیں۔ سبھی لوگ پنجاب لدھیانہ میں رہتے ہیں۔ مہلوک نشہ و دیگر وجوہات کے سبب اہل خانہ سے الگ رہتا تھا۔ لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا گیا ہے۔ ساتھ ہی مہلوک کار میں کیسے آیا اس کی معلومات کی جا رہی ہے۔ پوسٹ مارٹم و اہل خانہ کے آنے کے بعد آگے کی کارروائی کی جائے گی۔

اوقات نماز

فجر	3:53
ظہر	12:05
عصر	4:49
مغرب	6:50
عشاء	8:18
طلوع آفتاب	5:19